**Balochistan Livelihood and Entrepreneurship Project (BLEP)**
**Planning & Development Department Government of Balochistan**
**H # 450-5/9 Tajik Abad Killi Shabo, Quetta**
**Contact: 081-2823304, 081-2823217**

## بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) ہائی ٹنل سسٹم کی تنصیب کے لئے میچنگ گرانٹ کے لئے درخواست

**ملک:** پاکستان
**پروجیکٹ:** بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) کریڈٹ /گرانٹ
**پراجیکٹ آئی ڈی:** P159292

حکومت بلوچستان (جی او بی) کو بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) کی لاگت کے لئے عالمی بینک سے مالی اعانت موصول ہوئی ہے۔ بی ایل ای پی کا مجموعی مقصد بلوچستان کے دیہی علاقوں میں غربت میں کمی اور پائیدار اور جامع اقتصادی ترقی کی حمایت کیلئے کاروباری ترقی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنااور ذریعہ معاش کو فروغ دینا ہے۔
پراجیکٹ منیجمنٹ اینڈ ایمپلیمنٹیشن یونٹ(پی ایم آئی یو) بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) اب لاگت کی تقسیم کی بنیاد پر ہائی ٹنل سسٹم(ایچ ٹی ایس)کی تنصیب کیلئے منتخب آٹھ اضلاع (قلعہ عبداللہ/چمن، قلعہ سیف اللہ، پشین،ژوب، چاغی، شیرانی، مستونگ اور نوشکی) میں ترقی پسند کسانوں سے گرانٹ کی درخواستیں طلب کررہا ہے۔ گرانٹس بی ایل ای پی گرانٹ کے ضوابط اور داخلی گرانٹ منیجمنٹ پالیسیوں کے مطابق دی جائیں گی اور ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ مزید برآں، حتمی مستفیدین کا انتخاب ووٹنگ کے ذریعے کیا جائے گا۔

**کون درخواست دے سکتا ہے؟**

مندرجہ ذیل معیارات کو پورا کرنے والے صوبہ بلوچستان کے مستفیدین ہائی ٹنل سسٹم (ایچ ٹی ایس) کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

1. امیدوار کو کل لاگت میں سے کم از کم 25 فیصد حصہ خود (ناقابلِ واپسی) فراہم کرنے پر رضامند ہونا ضروری ہے، جبکہ باقی 75 فیصد مالی معاونت بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) فراہم کرے گا۔
2. اس کے علاوہ، ضمانتی رقم (قابلِ واپسی) کے طور پر ایک یونٹ (22,176 مربع فٹ) کے لیے تین لاکھ روپے (300,000)، جبکہ دو یونٹس (کل رقبہ 44,352 مربع فٹ) کے لیے چھ لاکھ روپے (600,000) جمع کروانا ضروری ہوگا۔
3. ضمانتی رقم کا پے آرڈر بنام ہیڈ آف پراجیکٹ(BLEP)،کوئٹہ(-Head of Project BLEP Quetta) کسی بھی کمرشل بینک سے بنواکر جمع کروانا ہوگا۔
4. درخواست دہندہ کے پاس قابل عمل قومی شناختی کارڈ (CNIC) ہونا چاہیے اور وہ متعلقہ ضلع کا مقامی باشندہ ہونا چاہیے۔
5. درخواست دہندہ کے پاس متعلقہ ضلع میں زرخیز اور ہموار زرعی زمین ہونی چاہیے۔
6. درخواست دہندہ بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی) کے تحت تربیتی و استعداد کار بڑھانے کے پروگرام میں شرکت کے لیے رضامند ہو۔
7. درخواست دہندہ کے پاس متعلقہ ضلع میں زرعی زمین کی ملکیت کا قانونی و مستند ثبوت موجود ہو۔
8. درخواست دہندہ کے پاس کاشتکاری کےلئے پانی کا قابلِ اعتماد ذریعہ موجود ہو۔
9. ہائی ٹنل نظام چلانے کے لیے مطلوبہ توانائی (بجلی) دستیاب ہو۔
10. درخواست دہندہ کے پاس ہائی ٹنل سسٹم کی دیکھ بھال اور آپریٹنگ کے لیے درکار افرادی قوت (ماہر مزدور) موجود ہو۔
11. درخواست دہندہ قرعہ اندازی کے بعد 10 دن کے اندر اپنے مالی حصے کی ادائیگی پر رضامند ہو۔

12. درخواست دہندہ BLEP کے ماحولیاتی اور سماجی تحفظاتی قواعد و ضوابط (ESMF/ESMPs وغیرہ) کی مکمل پاسداری کرے گا۔
13. درخواست دہندہ ایک حلف نامے پر دستخط کرے گا کہ وہ تنصیب کے بعد تین سالوں تک ہائی ٹنل نظام یا اس کے کسی جزو کو فروخت یا دوسری جگہ منتقل نہیں کرے گا۔
14. درخواست دہندہ BLEP کی جانب سےہائی ٹنل نظام کے بہتر مفاد میں تجویز کردہ کسی بھی دیگر شرائط کو تسلیم کرنے پر آمادہ ہو۔

**ہائی ٹنل نظام کے لیے زمین/کھیت کی موزونیت کے معیارات**

ہائی ٹنل نظام کی تنصیب کے لیے زمین/کھیت کے انتخاب کے لیے درج ذیل معیارات اپنائے جائیں گے:

1. کھیت تک متعلقہ افراد کی باقاعدہ رسائی ممکن ہونی چاہیے؛
2. زمین پر پانی کی زیادتی، سیم(water logging)، تھور (salinization)یا الکلی پن(alkalization) موجود نہ ہو؛
3. کھیت ایسی رکاوٹوں سے پاک ہو جو منصوبے کے معاشی یا انجینئرنگ ڈیزائن و پیمائش میں مشکلات پیدا کریں؛
4. اگر کوئی شخص ایک سے زیادہ یونٹس کے لیے درخواست دے رہا ہے تو زمین ایسی ہونی چاہیے جہاں تمام یونٹس ایک دوسرے کے قریب بنائے جا سکیں۔ یونٹس کے درمیان زیادہ سے زیادہ فاصلہ 15 فٹ سے زیادہ نہ ہو۔

**مستفید کنندہ کا انتخاب**

مستفید کنندہ کا انتخاب کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کے ذریعے کیا جائے گا، جو کہ ایک نوٹیفائیڈ قرعہ اندازی کمیٹی کی موجودگی میں کسی سرکاری افسر کے روبرو منعقد ہوگی۔

**جغرافیائی حدود**

BLEP کی معاونت صرف بلوچستان کے درج ذیل آٹھ اضلاع تک محدود ہے:
قلعہ عبداللہ/چمن، قلعہ سیف اللہ، پشین، ژوب، چاغی، شیرانی، مستونگ، اور نوشکی۔

**ہائی ٹنل نظام کا رقبہ**

کسان دو مختلف سائز کے ہائی ٹنل نظام کے لیے درخواست دے سکتے ہیں:
1. ایک یونٹ: 132 x168 = 22,176 مربع فٹ
2. دو یونٹس: 2x(132x168) = 44,352 مربع فٹ

درخواست برائے معاون مالی امداد (RFA) کی مکمل تفصیلات BLEP کی ویب سائٹ (www.blepgob.org.pk )سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں، یا متعلقہ BLEP ضلعی دفاتر سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے دلچسپی رکھنے والے امیدوار BLEP کے دفاتر سے درج ذیل نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

درخواست دہندگان اپنی درخواست کی ہارڈ کاپی رجسٹرڈ کورئیر کے ذریعے درج ذیل پتے پر، اس اشتہار کی اشاعت کے 10 دن کے اندر اندر جمع کروائیں۔

BLEP کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ فراہم کردہ معلومات میں کسی بھی وقت تبدیلی کر سکتا ہے، یا جمع کروائی گئی کسی بھی یا تمام درخواستوں کو کسی وجہ کے ساتھ یا بغیر کسی وجہ کے مسترد یا قبول کر سکتا ہے۔

**پتہ:**

بلوچستان لائیولی ہڈ اینڈ انٹر پرینورشپ پروجیکٹ (بی ایل ای پی)
گھر نمبر 450-5/9، تاجک آباد، کلی شابو، چمن ہاؤسنگ اسکیم کے قریب، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ، بلوچستان
فون: 081-2823304, 2823217 ای میل: (info@blepgob.org.pk)
ویب سائٹ: www.blepgob.org.pk